# الیکشن کمیشن آف پاکستان

## <u>پریس ریلیز</u>

اسلام آباد!          مورخہ۔ 14 اپریل 2022

حلقہ این اے 33 ہنگو میں ضمنی انتخاب 17 اپریل 2022 کو ہوگا۔ اس انتخابی عمل کو صاف، شفاف، پرامن اور قانون کے مطابق منعقد کرانے کے حوالے سے الیکشن کمیشن نے تمام انتظامات مکمل کر لیے ہیں۔ پریذائیڈنگ آفیسر ریٹرننگ آفیسر سے پولنگ بیگ وصول کرے گا پولیس پریذائیڈنگ افسران کو سیکیورٹی فراہم کرے گی اور انتخابی عمل کے مکمل ہونے تک پولنگ سٹاف کے ہمراہ رہیں گے۔ حلقے میں قائم تمام 210 پولنگ اسٹیشنز پر سکیورٹی کے خاطر خواہ انتظامات کیے گئے ہیں۔ پولیس اور ایف سی کے اہلکار لاء اینڈ آرڈر کو یقینی بنانے کے لیے ڈیوٹی سرانجام دیں گے۔

پریذائیڈنگ افسران کو ہدایات جاری کر دی گئی ہیں کہ وہ پولنگ کے دن فارم 45 کی تصویر کھینچتے وقت موبائل پر اپنی لوکیشن آن رکھیں گے مزید وہ پولنگ ایجنٹس کے سامنے فارم 45 کی تصویر لیں گے اور فوراً ریٹرننگ افسر کو وائٹس ایپ (WhatsApp) پر پولنگ ایجنٹس کی موجودگی میں بھیجیں گے۔ انٹرنیٹ کی سہولت نہ ہونے کی صورت میں پریذائیڈنگ افسر فوراً ریٹرننگ افسر کے دفتر پہنچ کر فارم 45 کی اصل کاپی ریٹرننگ افسر کے حوالے کریں گے ہر پریذائیڈنگ افسر فارم 45 کی اوریجنل کاپی بمع Snapshot بشمول Forensic details ریٹرننگ افسر کو دکھائے گا جس میں وقت اور لوکیشن معلوم ہو۔ ریٹرننگ افسر تصویر اور لوکیشن کی تفصیلات کا جائزہ لے گا اور پریذائیڈنگ افسر کے موبائل پر موجود لوکیشن اور وقت کی تفصیلات کی تصویر اپنے موبائل میں حاصل کرے گا اور ان فرانزک (Forensic) تفصیلات کو اپنے آفس میں کمپیوٹر میں محفوظ کرے گا۔ <u>**الیکشن کمیشن نے ہدایات دی ہیں کہ ہر امیدوار اپنے پولنگ ایجنٹس کی تربیت کو یقینی بنائے اور آگاہ کرے کہ کوئی بھی پولنگ ایجنٹ پریذائیڈنگ افسر کا دستخط شدہ فارم 45 وصول کیے بغیر پولنگ اسٹیشن نہ چھوڑے۔ ہر پریذائیڈنگ افسر متعلقہ پولنگ ایجنٹس کو فارم 45 کی دستخط شدہ کاپی پولنگ اسٹیشن پر ہی مہیا کرنے کا پابند ہوگا۔**</u>

ریٹرننگ افسر نے خصوصی کنٹرول روم قائم کیا ہے جو پولنگ کے عمل شروع ہونے سے ابتدائی نتائج کے مرتب ہونے تک کام کرتا رہے گا اس کنٹرول روم میں ریٹرننگ افسر کے علاوہ متعلقہ ڈپٹی کمشنر، پولیس اور ایف سی کے حکام یا ان کے نمائندگان موجود رہیں گے تاکہ کسی بھی غیر معمولی صورتحال سے نمٹنے کے لیے بروقت اقدامات کیے جا سکیں۔ علاوہ ازیں الیکشن کمیشن نے الیکشن کے دن کسی بھی نوعیت کی شکایت کو نمٹانے کے حوالے سے سنٹرل اور صوبائی سطح پر الگ الگ کنٹرول روم قائم کر دیئے ہیں جو پولنگ کے دن صبح 7:00 بجے سے ابتدائی نتیجہ مرتب ہونے تک بلاتعطل کام کرتے رہیں گے۔ جن کے نمبرز اور ای میل ایڈریس درج ذیل ہیں۔

(جاری ہے)

سنٹرل کنٹرول روم اسلام آباد

۱۔ فون نمبر 051-9204403----051-9210837
051-9204402----051-9210838

۲۔ فیکس نمبر 051-9204404

۳۔ ای میل ایڈریس ddmonitoringisb@gmail.com

صوبائی کنٹرول روم خیبر پختونخوا پشاور۔

۱۔ فون نمبر 091-9211034 -- 091-9222475

۲۔ ای میل ایڈریس electionbranchkp@gmail.com

کنٹرول روم DRO/RO ہنگو

۱۔ فون نمبر 0925-621610 موبائل نمبر 0332-9993999

۲۔ ای میل ایڈریس dchangu@gmail.com

الیکشن کمیشن اس بات کی توقع کرتا ہے کہ حلقہ کے ووٹر اپنا حق رائے دہی پر امن انداز میں استعمال کریں گے اور اس حوالے سے الیکشن کمیشن کی جانب سے تعینات کردہ اہلکاران سے بھرپور تعاون کریں گے۔